۱۳ دسمبر، ۲۰۰۷

یو ایس آئی سی ایس تازہ ترین

**مستقل سکونتی کارڈوں کی بلا اختتام تاریخ والے کارڈوں سے تبدیلی کے مجوزہ قانون پر تجاویز کی مدت کا خاتمہ**

واشنگٹن ۔ ۲۲اگست، ۲۰۰۷ کو یو ایس آئی سی ایس نے وفاقی رجسٹر میں ایک مجوزہ قانون شائع کیا جو، جب نافذ کیا گیا تو مستقل قانونی سکونتی باشندوں کو اپنے مستقل سکونتی کارڈ تبدیل کرانے ہوں گے ( فارم آئی- ۵۵۱) جن کے خاتمے کی کوئی تاریخ نہیں ہو گی- یو ایس آئی سی ایس نے اس تجویز پر عوامی آرا تیس دن کے لئے ۲۱ ستمبر، ۲۰۰۷ تک قبول کیں-

یہ مجوزہ قانون کسی طرح سے مستقل سکونتی کارڈوں کی موجودہ حیثیت پر اثر انداز نہیں ہو گا- مستقل سکونتی باشندے جن کے پاس یہ کارڈ ہیں، وہ ان کارڈوں کا استعمال مستقل سکونت کے ثبوت کے طور پر جاری رکھ سکیں گے، جب وہ سفر پر ہوں، ملازمت تلاش کر رہے ہوں، اور کسی بھی وقت جب اس قسم کے ثبوت کی ضرورت پڑے-

یو ایس آئی سی ایس عوام کی آرا کا جائزہ لے گی اور ان پر سوچ بچا ر کرنے کے بعد ایک حتمی قانون شائع کرے گی- یو ایس آئی سی ایس جائزے کی مدت یا حتمی قانون کی اشاعت کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتی-

جب حتمی قانون شائع ہو گا اس میں موجودہ گرین کارڈوں کی تبدیلی کا عمل بیان کیا جائے گا- تا حال اس بارے میں کوئی مدت طے نہیں کی گئی-

جب درخواستیں جمع کرانے کی مدت ختم ہو جائے گی تو یو ایس آئی سی ایس فیصلہ کرے گی کہ درخواستوں کو نمٹانے میں کتنا وقت درکار ہو گا- یو ایس آئی سی ایس پھر وفاقی رجسٹر میں ایک نوٹس شائع کرے گی جس میں اس تاریخ کا تعین کیا جائے جس کے بعد بلا اختتام تاریخ والے مستقل سکونتی کارڈ قبول نہیں ہوں گے- اس کا مقصد اس امر کو یقینی بنانا ہے کہ جن متاثرہ لوگوں نے اپنی درخواستیں جمع کرائی ہیں، ان کو نئے کارڈ پرانے کارڈوں کی اختتام کی مدت سے قبل مل جائیں-

جو لوگ بعد بلا اختتام تاریخ والے مستقل سکونتی کارڈ رکھتے ہیں، وہ ان کو ابھی تبدیل کرا سکتے ہیں، لیکن فی الحال اس کی کوئی قانونی ضرورت نہیں- یو ایس آئی سی ایس اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ امیگریشن کے عمل کے لئے ان کارڈوں کی تبدیلی کی کلیدی حیثیت ہے- نئے کارڈ ادارے کو موقع فراہم کریں گے کہ وہ کارڈوں پر تازہ ترین تصویر اور بائیومیٹرکس شامل کر سکیں- کارڈ رکھنے والے کو بھی ایسا کارڈ ملے گا جس میں زیادہ حفاظتی پہلو ہوں گے اور ایک ہی کارڈ کی مختلف شکلیں بھی ختم ہو جائیں گی-

- یو ایس آئی سی ایس -